# تعلقات عامہ دفتر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

April, 17, 2025

پریس ریلیز

## شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ کو عالمی درجے کی یونیورسٹی بنانے سے متعلق روڈ میپ پر بہار کے گورنر کے ساتھ تبادلہ خیال کیا

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی نے حال ہی میں جامعہ کی ترقی اور بہبود سے متعلق مختلف تدابیر پر غور وخوض کے سلسلے میں ریاست بہار کے گورنر عزت مآب جناب عارف محمد خان کی رہنمائی حاصل کرنے کے لیے ملاقات کی۔

شیخ الجامعہ اور مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ کی قومی و بین الاقوامی رینکنگ سمیت تدریس وتحقیق میں نمایاں حصولیابیوں سے عالی وقار گورنر کو روشناس کرایا۔طلبہ کی ترقی و بہبود اور خاص طور سے سماجی ،جغرافیائی اور معاشی طور پر سماج کے پسماندہ طبقے کی خواتین طالبات کے لیے اعلی معیاری تعلیم تک رسائی کو یقینی بنانے کے لیے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں میں نکھار لانے کے ساتھ اپنی زندگیوں میں تبدیلیاں لاسکیں اس کے تئیں جامعہ کے عہد اور موجودہ انتظامیہ کی ترجیح سے انھیں واقف کرایا۔

عزت مآب گورنر نے اس سمت یونیورسٹی انتظامیہ کی کوششوں کی ستائش کی اور پروفیسر آصف اور پروفیسر رضوی کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔انھوں نے یونیورسٹی انتظامیہ سے کہا کہ وہ جدید تعلیم کی ترویج واشاعت اور تربیت پر توجہ مرکوز کریں تاکہ طلبہ ملازمت کے قابل ہوسکیں نیز ان کا سماجی، اخلاقی اور فلسفیانہ نقطۂ نظر بھی فروغ پاسکے۔

بہار کے گورنر کے ساتھ شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ملاقات کو جامعہ کی مستقبل کی صلاحیتوں کو بہتر کرنے کے سلسلے میں مفید اور کارآمد مکالمہ کہا جاسکتا ہے جس سے ملک کے طول وعرض کی اکیڈمک کمیونیٹی کی بڑی تعداد کو فائدہ پہنچے گا۔

پروفیسر صائمہ سعید

چیف،تعلقات عامہ افسر، جامعہ ملیہ اسلامیہ